AIOU

بہار 2025 سمسٹر

# عربک ٹیچر ٹریننگ کورس

# (ATTC)




علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

www.aiou.edu.pk

Help Line: (051) 111-112-468

# پراسپیکٹس

## سمسٹر: بہار 2025ء

# عریبک ٹیچر ٹریننگ کورس (ATTC)

داخلے سال میں دو مرتبہ بہار اور خزاں سمسٹرز میں ہوتے ہیں۔

ہر سمسٹر میں داخلہ کے لیے بروقت اپلائی کرنا طالب علم کی ذمہ داری ہے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

قیمت :-/100 روپے

(جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں)


| | |
|---|---|
| سمسٹر: | بہار، 2025ء |
| قیمت: | 100 روپے |
| تعداد: | 1500 |
| نگران طباعت: | ڈاکٹر سرمد اقبال |
| طابع: | علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی پرنٹنگ پریس |
| ناشر: | علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد |
| کمپوزنگ: | محمد شفیق |

# وائس چانسلر کا پیغام



علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کا شمار اس وقت دنیا کی میگا (سب سے بڑی) یونیورسٹیوں میں ہوتا ہے۔ یہ یونیورسٹی بہت سی منفرد حیثیتوں کے حوالے سے دنیا بھر میں ممتاز مقام رکھتی ہے، یہ اس یونیورسٹی کی انفرادیت ہے کہ اس کا دائرہ کار پاکستان اور دنیا کے بہت سے ممالک میں ہے۔ بیرون ملک علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نہ صرف وہاں مقیم پاکستانیوں کو بلکہ دیگر شہریت کے حامل طلباء کو تعلیم حاصل کرنے کے مواقع فراہم کرتی ہے۔ یہ ملک کی واحد یونیورسٹی ہے جس میں مرد/عورت، عمر اور علاقے کی کوئی قید نہیں۔ ملک بھر کے ہر حصے سے ہر عمر کے افراد اس یونیورسٹی سے تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔ وطن عزیز کے دیہاتوں، قصبوں اور دور افتادہ علاقوں میں مقیم افراد کو جہاں روایتی تعلیم کے مواقع کم ہیں یا ایسی خواتین کو جو سماجی پابندیوں کے سبب سکول/کالج میں جانے سے قاصر ہیں یا وہ ملازم پیشہ افراد جو اپنی ملازمتی ترقی کے لیے تعلیمی استعداد بڑھانے کے خواہش مند ہیں، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اِن سب کو تعلیمی سہولتیں مہیا کر کے یہ فریضہ بہ طریق احسن سرانجام دے رہی ہے۔ حالیہ یونیورسٹی کے مجموعی نظام کو ڈیجیٹلائزڈ (Digitalized) کر دیا گیا ہے، مزید برآں طلبہ کو تمام سہولتیں آن لائن بھی دستیاب ہوں گی۔

آپ کی تعلیم کی ترقی کے لیے کوشاں

پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود

وائس چانسلر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی

## Minimum and Maximum Duration/Semesters for each Programme

| Sr. No. | Degree Level | Minimum Duration | Maximum Duration |
|---|---|---|---|
| 1 | Matric /FA | 2 years / 4 semesters | 5 years |
| 2 | **Certificate (6 Months)** | **6 Months / 1 Semester** | **1 Year** |
| 3 | All Postgraduate Diplomas (1 Year) | 1 Year / 2 Semesters | 3 Years |
| 4 | Associate Degree (2-years) | 2 years / 4 Semesters | 4 Years |
| 5 | BEd (1.5 Years) | 1.5 Years / 3 Semesters | 3 Years |
| | BEd (2.5 Years) | 2.5 Years / 5 Semesters | 5 Years |
| 6 | BS/BBA/BEd (4-years) | 4 Years / 8 Semesters | 8 Years |
| 7 | MEd (1 Year) | 1 Year / 2 Semesters | 3 Years |
| 8 | All Master Degree Programs (2 Years) | 2 Years / 4 Semesters | 4 Years |

**Note**: *Maximum time duration includes semester freeze period.*

نوٹ: یونیورسٹی کی نئی پالیسی کے تحت اگر کوئی طالب علم کسی بھی کورس کے فائنل امتحان میں فیل ہوجائے تو متعلقہ کورس میں دوبارہ امتحان کے لیے متعلقہ سمسٹر کے رزلٹ کے اعلان کے فوری بعد CMS میں FER رجسٹریشن کرائے گا۔

# آن لائن داخلہ لینے کا طریقہ کار

طلبا سرٹیفکیٹ کورسز میں داخلہ فارم آن لائن اور بذریعہ پراسپیکٹس لے سکتے ہیں۔

## Online داخلہ لینے کا طریقہ کار

1- ویب سائیٹ(http://online.aiou.edu.pk) وزٹ کریں۔

2- (OAS for Fresh Admission) لنک پر کلک کریں۔

3- ای میل / موبائل فون نمبر لکھ کر رجسٹر کریں۔

4- اپنے رجسٹرا اکاؤنٹ میں Login کریں۔

5- داخلہ فارم میں درکار تمام کوائف درج کریں۔

6- فوٹو، شناختی کارڈ/فارم ب والد/سرپرست کا شناختی کارڈ اور تعلیمی دستاویزات upload کریں۔

7- فیس چالان پرنٹ کر کے فیس جمع کرائیں اور اصل چالان اپنے پاس محفوظ رکھیں یونورسٹی کو بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے۔

## جاری طلبہ Online (Continue Student) انرولمنٹ لینے کا طریقہ کار

1- ویب سائیٹ(http://online.aiou.edu.pk) وزٹ کریں۔

2- "CMS for Continuing Students" پر کلک کریں۔

3- USER ID والے کالم میں اپنا Student ID لکھیں۔اور پاس ورڈ درج کریں۔

4- اپنے کورسز کا انتخاب کریں اور چالان فارم پرنٹ کر کے فیس جمع کروائیں۔

## فیس جمع کروانے کا طریقہ

(a) فیس FWB,MCB,ABL,NBP کی کسی بھی برانچ میں جمع کروا دیں۔اور ادا شدہ فیس کا چالان سنبھال کر رکھیں یونیورسٹی بوقت ضرورت یہ چالان آپ سے طلب کر سکتی ہے۔

(b) جازکیش، ایزی پیسہ اور یو پیسہ کی موبائل ایپ، USSD#786* سٹرنگ/ریٹیلر ایجنٹ/فرنچائز اور موبی لنک، ٹیلی نار، یو بینک کی برانچز کے ذریعے بھی فیس جمع کرا سکتے ہیں۔

# فہرست


علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا مختصر تعارف ........ 1
شعبہ عربی زبان وادب کا تعارف ........ 2
شعبہ عربی کے اہم پروگرام ........ 2
اساتذہ شعبہ عربی ........ 3
عربی ٹیچرز ٹریننگ کورس (ATTC) ........ 3
مطالعاتی سکیم ........ 3
شرائط داخلہ ........ 3
یونیورسٹی کے طریقہ تعلیم کے اہم اجزاء ........ 5
امتحانی نتائج مرتب کرنے کا طریقہ ........ 6
شرح فیس ........ 6
TELECOS کے ذریعے فیس جمع کرانے کا طریقہ ........ 7
فیس واپسی کے قواعد ........ 8
اہم معلومات ........ 9
ہدایات ........ 11

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا مختصر تعارف

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی جس کا مین کیمپس اسلام آباد میں ہے کا شمار اس وقت دنیا کی چار میگا (سب سے بڑی) یونیورسٹیوں میں ہوتا ہے، یہ یونیورسٹی 1974 میں پارلیمنٹ کے ایکٹ (XXXIX) کے تحت قائم ہوئی۔ اُس وقت یہ دنیا کی دوسری اور ایشیا اور افریقہ کی پہلی اوپن یونیورسٹی تھی مگر اب دنیا میں فاصلاتی نظام تعلیم پر مبنی 60 سے زائد یونیورسٹیاں کام کر رہی ہیں۔

پاکستان میں اوپن یونیورسٹی کے قیام کا بنیادی مقصد فاصلاتی نظام تعلیم کے ذریعے ان لوگوں کو جو بوجوہ رسمی تعلیم سے استفادہ نہیں کر سکے یا جن کا سلسلہ تعلیم منقطع ہو گیا تھا، ان کے گھروں کی دہلیز پر تعلیمی سہولیات مہیا کرنا ہے۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، وطن عزیز کے دیہاتوں، قصبوں اور دور افتادہ علاقوں میں مقیم افراد کو جہاں روایتی تعلیم کے مواقع نہ ہونے کے برابر ہیں یا ایسی خواتین کو جو سماجی پابندیوں کے سبب سکول/ کالج میں جانے سے قاصر ہیں یا وہ ملازم پیشہ افراد جو اپنی ملازمتی ترقی کے لیے تعلیمی استعداد بڑھانے کے خواہش مند ہیں، ان سب کو تعلیمی سہولتیں مہیا کر کے یہ فریضہ بہ طریق احسن انجام دے رہی ہے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی غیر رسمی طریقہ تعلیم کے ذریعے مختلف تعلیمی پروگرام پورے ملک میں عام کر کے قومی یونیورسٹی کی صورت میں نمایاں ہوئی ہے۔ فاصلاتی نظام تعلیم روایتی اور رسمی نظامِ تعلیم کے برعکس متنوع بھی ہے اور ہمہ گیر بھی۔ طلبہ اس کے ذریعے میسر وقت میں سہولت کے ساتھ تعلیم حاصل کر سکتے ہیں کیونکہ انہیں طبع شدہ کورسز اور مجوزہ کتب کے علاوہ ٹیوٹوریل، گروہی سرگرمیاں اور دیگر ملٹی میڈیا سہولتیں مہیا کی جاتی ہیں۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی بنیادی تعلیم سے لے کے پی ایچ ڈی کی سطح تک کے پروگرام پیش کر رہی ہے۔ یونیورسٹی کے تدریسی اور انتظامی کام کی مناسب اور موزوں ترویج واشاعت کے لیے ملک کے مختلف مقامات پر 44 سے زائد علاقائی دفاتر بھی کام کر رہے ہیں نیز طلبہ کی رہنمائی کے لیے مختلف شہروں میں رابطہ دفاتر بھی قائم کئے گئے ہیں۔ یونیورسٹی نے ملک بھر میں مطالعاتی مراکز قائم کیے ہیں جہاں فاصلاتی نظام تعلیم کے طلبہ اپنے ٹیوٹرز سے رہنمائی حاصل کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں یونیورسٹی نے کل وقتی مطالعاتی مراکز بھی قائم کیے ہیں جہاں پر ایم بی اے (آئی ٹی)، بینکنگ اینڈ فنانس، بی ایس (سی ایس) اور ایم ایس کے طلبہ کو بالمشافہ تعلیمی رہنمائی مہیا کی جاتی ہے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اور اس کے جملہ علاقائی دفاتر تعلیمی سال کے دوران نصابی اور تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے اور مختلف نوعیت کی علمی، ادبی اور قومی تقریبات کے انعقاد کا اہتمام کرتے ہیں جن میں ہمارے طلبہ واساتذہ کے ساتھ ساتھ علاقے کے معزز وسرکردہ اراکین اور صاحبان علم ودانش شرکت کرتے ہیں۔

اوپن یونیورسٹی سمسٹر سسٹم کے مطابق کام کر رہی ہے۔ طلبہ کا داخلہ سال میں دو بار سمسٹر بہار اور سمسٹر خزاں میں ہوتا ہے۔ انڈر گریجویٹ طلبہ کے لیے دونوں سمسٹر میں داخلے ہوتے ہیں جبکہ پوسٹ گریجویٹ سطح پر داخلہ سال میں ایک بار ہوتا ہے۔ طلبہ کو یونیورسٹی کی اپنی تیار کردہ کتابیں بھجوائی جاتی ہیں، ان کتابوں کے ہمراہ تقویتی مواد بھی بھجوایا جاتا ہے اور آڈیو کیسٹس (Cassettes) بھی۔ اکثر کورسز میں ریڈیو اور ٹی وی پروگرامز کے ذریعے بھی تعلیمی اور تدریسی رہنمائی فراہم کی جاتی ہے۔ طلبہ کی رہنمائی کے لیے ملک بھر سے جز وقتی ٹیوٹرز کی خدمات بھی حاصل

کی جاتی ہیں نیز ہر طالب علم کو مراسلت اور ٹیوٹوریل میٹنگ کے ذریعے بھی تدریسی معاونت فراہم کی جاتی ہے۔

یونیورسٹی میں سائنس کے طلبہ کے لئے یونیورسٹی سائنس کمپلیکس کا قیام عمل میں لایا گیا جس میں سائنس کے تمام شعبہ جات کے ریسرچ اسکالرز کے لئے بین الاقوامی معیار کی حامل جدید سائنسی تجربہ گاہوں کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔علاوہ ازیں یونیورسٹی مرکزی لائبریری اور سٹوڈنٹس ہوسٹل میں انٹرنیٹ لیب کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے تاکہ یونیورسٹی کے اساتذہ وطلبہ اپنی علمی وتحقیقی کاوشوں کو جدید عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرسکیں۔

## شعبہ عربی زبان وادب کا تعارف

عربی زبان وادب علوم اسلامیہ کی نہ صرف بنیاد ہے بلکہ ان کا باہم بہت گہرا تعلق بھی ہے۔ اس لئے آغاز سے ہی شعبہ عربی اور علوم اسلامیہ ساتھ ساتھ چل رہے ہیں۔اس شعبے نے بی ایس عربی اور ایم اے عربی کی اہم کتابیں تیار کی ہیں۔اس شعبے کے مقبول عام پروگراموں میں عربی بول چال، اللسان العربی لغت القرآن اور تدریب المعلمین (اے ٹی ٹی سی) جیسے پروگرامز شامل ہیں۔ نیز ایم فل عربی گزشتہ چھ سال سے جاری ہے جبکہ سمسٹر بہار 2023ء سے پی ایچ ڈی عربی بھی شروع کردیا گیا ہے۔

## شعبہ عربی کے اہم پروگرام

شعبہ عربی کی جانب سے طلباوطالبات کے لیے مندرجہ ذیل کورسز پیش کئے جاتے ہیں۔

(1) لغت القران
(2) اللسان العربی
(3) عربی بول چال
(4) عربی صرف ونحو (درس نظامی میٹرک)
(5) میٹرک عربی
(6) انٹرمیڈیٹ عربی
(7) تدریب المعلمین (ATTC)
(8) بی اے عربی
(11) ایم اے عربی
(12) بی ایس عربی (2 سالہ)
(13) بی ایس عربی (2.5 سالہ)
(14) بی ایس عربی (4 سالہ)
(15) ایم فل عربی
(16) پی ایچ ڈی عربی
(17) مجلّہ البحث العربی (HEC سے منظور شدہ)

# اساتذہ شعبہ عربی

1- ڈاکٹر عبدالمجید بغدادی (ایم فل عربی، پی ایچ ڈی، ہائرڈپلومہ ان عربیک، عراق)
ایسوسی ایٹ پروفیسر/ چیئرمین شعبہ عربی

2- ڈاکٹر سمیع اللہ زبیری (اے ٹی ٹی سی /بی ایڈ/ایم فل علوم اسلامیہ اور پی ایچ ڈی عربی)
اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ عربی

3- ڈاکٹر شکیل احمد (پی ایچ ڈی وایم۔فل عربی)، لیکچرار شعبہ عربی

4- ڈاکٹر حافظ حارث سلیم، لیکچرار شعبہ عربی

5- ڈاکٹر محمد خرم شہزاد (ایم فل/ پی ایچ ڈی عربیک)، لیکچرار شعبہ عربی

## عربی ٹیچرز ٹریننگ کورس (ATTC) پروگرام کوڈ: 1059

عربی زبان کی تدریس کے لئے موجودہ طریقوں کو مزید مؤثر بنانے کے لیے معلمین ومعلمات کی تربیت ایک لازمی امر ہے لہٰذا ضرورت محسوس کی گئی کہ عربی زبان کو زندہ اور روزمرہ زندگی میں کام آنے والی زبان کے طور پر پڑھایا جائے۔ اس مقصد کا حصول صرف اسی صورت میں ممکن ہے جب جدید تقاضوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے عربی زبان کے اساتذہ کی علمی اور پیشہ ورانہ تربیت کی جائے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے تدریب معلمي اللغة العربية کے پروگرام میں اس بات کی کوشش کی ہے کہ طلبہ وطالبات کو نہ صرف یہ کہ جدید انداز میں عربی زبان پڑھائی جائے بلکہ ان میں عربی زبان کی سمجھ بوجھ اور ذوق بھی پیدا کیا جائے۔ اس مقصد کے لیے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے شعبہ عربی نے 1982 میں وفاقی وزارت تعلیم اور خرطوم (سوڈان) کے بین الاقوامی ادارے کے تعاون سے عربی معلّمین ومعلّمات کی تربیت کا یہ پروگرام ترتیب دیا اور اسے عملی جامہ پہنایا۔ پروگرام میں پڑھایا جانے والا مواد درج ذیل ہے۔

☆ التعبير الشفوی و الكتابی ☆ علم الاصوات
☆ تطبيق القواعد ☆ القراة و فهم النصوص
☆ الحوارات/اللغة النوطيفية ☆ الوسائل التعليميه
☆ اعداد تقديم الدرس النموذجی

سمسٹر خزاں 2024ء سے اس پروگرام کی تجدید کی گئی ہے اب اس کی ورکشاپ مناسب تعداد کے حساب سے قریب ترین سنٹرز میں منعقد ہوں گی۔ جس کا دورانیہ 6 دن روزانہ 5 گھنٹے ہوگا۔

| S.No. | Course Code | Course Title | Credit Hours |
|---|---|---|---|
| 1. | ARAB 101 | تدريب المعلمين-I | 03 |
| 2. | ARAB 102 | تدريب المعلمين-II | 03 |
| 3. | ARAB 103 | عملی ورکشاپ | 03 |

## مطالعاتی سکیم

### (1) شرائط داخلہ

امیدوار کم از کم درج ذیل میں سے کسی ایک کا حامل ہو۔

1- ایم اے عربی یا ایم اے اسلامیات

-2 HEC سے منظور شدہ وفاق/ دینی ادارہ سے شہادۃ عالمیہ کی سند

-3 فاضل عربی (کسی بھی سرکاری ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ سے)

-4 انٹرمیڈیٹ یا بی اے بمعہ عربی اختیاری مضمون۔

-5 انٹرمیڈیٹ بمعہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے عربی کورس کوڈ (309) یا (408) پاس کیا ہو۔

-6 انٹرمیڈیٹ بمعہ شہادۃ الخاصۃ۔

## ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) سے منظور شدہ وفاقات/ دینی ادارے

| نمبر شمار | دینی مدرسے/ وفاق کا نام | نوٹیفکیشن کی تاریخ |
|---|---|---|
| -1 | وفاق المدارس العربیہ ملتان | 17 نومبر 1982ء |
| -2 | تنظیم المدارس اہل سنت لاہور | 17 نومبر 1982ء |
| -3 | وفاق المدارس السّلفیہ فیصل آباد | 17 نومبر 1982ء |
| -4 | وفاق المدارس شیعہ لاہور | 17 نومبر 1982ء |
| -5 | رابطۃ المدارس الاسلامیہ لاہور | 12 اگست 1987ء |
| -6 | جامعہ اسلامیہ منہاج القرآن لاہور | 27 اپریل 1992ء |
| -7 | جامعہ تعلیمات اسلامیہ فیصل آباد | 07 جون 1984ء |
| -8 | جامعہ اشرفیہ، لاہور | 03 فروری 1985ء |
| -9 | دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ، سرگودھا | 08 جنوری 1987ء |
| -10 | دارالعلوم کورنگی کریک، کراچی | 12 اگست 1987ء |

## منسٹری آف ایجوکیشن اینڈ پروفیشنل ٹریننگ سے منظور شدہ وفاقات/نجی دینی ادارے

| نمبر شمار | دینی مدرسے/ وفاق کا نام | نوٹیفکیشن کی تاریخ |
|---|---|---|
| -1 | جامعۃ الرشید، کراچی | 01 فروری 2021ء |
| -2 | دارالعلوم جامعہ نعیمیہ، لاہور | 27 اپریل 2021ء |
| -3 | جامعہ المدینہ، کراچی | 27 اپریل 2021ء |
| -4 | جامعۃ الدراسات الاسلامیہ، کراچی | 15 اپریل 2021ء |
| -5 | جامعہ بنوریہ عالمیہ، کراچی | 10 فروری 2022ء |
| -6 | اتحاد المدارس العربیہ، مردان، پاکستان | 04 فروری 2021ء |
| -7 | اتحاد المدارس العربیہ، پاکستان، لاہور | 04 فروری 2021ء |
| -8 | نظام المدارس، پاکستان، لاہور | 04 فروری 2021ء |
| -9 | مجمع المدارس تعلیم الکتاب والحکمۃ، لاہور | 04 فروری 2021ء |
| -10 | وفاق المدارس الاسلامیہ الرضویہ، پاکستان | 04 فروری 2021ء |
| -11 | وفاق المدارس والجماعات الدینیہ الباکستانیہ | 15 اپریل 2021ء |
| -12 | مجمع العلوم الاسلامیہ | 15 اپریل 2021ء |
| -13 | وحدت المدارس الاسلامیہ پاکستان | 15 اپریل 2021ء |
| -14 | بورڈ آف اسلامک ایجوکیشن | 27 اپریل 2021ء |
| -15 | کنز المدارس | 27 اپریل 2021ء |

انتباہ: 1-  مذکورہ بالا وفاقات اور جامعات کے علاوہ دیگر دینی اداروں سے فارغ التحصیل طلبہ داخلے کے لیے اپلائی نہ کریں۔

2-  نوٹیفکیشن کی تاریخ سے قبل جاری کردہ اسناد قابلِ قبول نہیں ہیں۔

## (2) دورانیہ

کورس کا دورانیہ 6 ماہ یعنی ایک سمسٹر پر مشتمل ہے۔ اس دورانیے میں چھے (6) روزہ ورکشاپ بھی شامل ہے جس میں حاضری لازمی ہے۔ (کورس 9 کریڈٹ آورز کا ہوگا)

# یونیورسٹی کے طریقہ تعلیم کے اہم اجزا

## (1) امتحانی مشقیں

دو کتابیں اور چار مشقیں آپ کو موصول ہوں گی مزید برآں طلبہ کے لیے درسی مواد یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر بھی موجود ہوگا جہاں سے طلبہ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ طلبہ مشقیں حل کر کے اپنے ٹیوٹرز کو ارسال کریں گے۔ یہ مرحلہ چھ ماہ پر محیط ہے۔ اگر مشقی کام حل کر کے چیک نہ کروائے جائیں تو طالب علم کا سارا سمسٹر ضائع ہو جاتا ہے۔ مشقی کام آپ کی تعلیم کا بنیادی جزو ہے۔

## (2) ورکشاپ

یہ بالمشافہ تربیتی اور عملی مرحلہ ہے۔ اس میں مطالعاتی مواد کے عملی پہلوؤں کی تربیت دی جاتی ہے اور ساتھ ہی عربی زبان میں گفتگو اور تحریری طور پر مافی الضمیر بیان کرنے کی مہارت پیدا کی جاتی ہے۔ تدریب المعلمین کی چھے روزہ ورکشاپ میں تدریسی مرحلہ چھے دنوں پر مشتمل ہے۔ یہ اس کورس کا لازمی حصہ ہے جس میں شرکت اور کامیابی لازمی ہے۔ (یہ ورکشاپیں صرف ان مقامات پر منعقد ہوں گی جہاں پر طلباء کی تعداد مناسب ہوگی)۔

## (الف) تربیتی ورکشاپ کے موضوعات

ورکشاپ کے موضوعات اور ان کے تدریسی اوقات

| نمبر شمار | موضوعات | کل وقت |
|---|---|---|
| -1 | تدريب المعلمين-I | 7 گھنٹے |
| -2 | تدريب المعلمين-II | 7 گھنٹے |
| -3 | الاعداد وتقديم الدروس النموزجيه | 8 گھنٹے |
| -4 | زبانی امتحان | 8 گھنٹے |

کلاسز میں متذکرہ بالا مواد پڑھایا جاتا ہے اور طلبہ سے بھرپور عربی کی مشق کروائی جاتی ہیں۔ اسی طرح عربی زبان بولنے لکھنے اور صحیح مخارج کے ساتھ پڑھنے کی مشق کے علاوہ جدید طریقوں کے مطابق درسی منصوبہ بندی اور عملاً تدریس کی بھی مشق کروائی جاتی ہے۔

## (ب) ورکشاپ کا اہتمام

عموماً جون اور دسمبر میں طلبہ کو چھے دن کی ورکشاپ میں شمولیت کرنا ہوتی ہے۔ ورکشاپ کا اہتمام علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا ریجنل سروسز شعبہ عربی کی رہنمائی میں کرتا ہے۔ ورکشاپ کا انعقاد کسی مرکزی مقام پر ہوتا ہے جس کے لیے سفر کے اخراجات اور قیام وطعام کا بندوبست طلبہ کی اپنی ذمہ داری ہوتی ہے۔

## (ج) ورکشاپ کی سرگرمیاں

1- نمونے کے اسباق ((Model Lesson) کا مشاہدہ اور تجزیہ
2- درسی منصوبہ بندی اور پیش کش
3- تدریسی وسائل و معاونات کی تیاری
4- مختلف تعلیمی چارٹس کی تیاری
5- عملی سرگرمیوں میں شرکت
6- زبانی امتحان

نوٹ: سمسٹر کے اختتام پر تحریری/عملی امتحانات منعقد کیے جاتے ہیں۔

## امتحانی نتائج مرتب کرنے کا طریقہ

کورس کے دوران جائزے کے لیے امتحانی مشقیں مکمل کرائی جاتی ہیں۔ کورس کے اختتام پر تدریب المعلمین-I اور تدریب المعلمین-II کا تحریری امتحان ہوتا ہے۔ امتحانی مشقوں اور آخری امتحان میں الگ الگ پاس ہونا ضروری ہے اور اس کے جزوی نمبروں کو یکجا کر کے نتیجہ مرتب کیا جاتا ہے۔

کورس کے نمبرات کی ترتیب درج ذیل ہے۔

امتحانی مشقیں 30 فیصد
آخری تحریری امتحان 70 فیصد

ورکشاپ کے نمبرات کی ترتیب درج ذیل ہے۔

ورکشاپ (حاضری) 10 فیصد
پریزینٹیشن/تقدیم 20 فیصد
نمونے کے اسباق 50 فیصد
زبانی امتحان 20 فیصد

کورس میں کامیابی کے کم از کم نمبر 40 فیصد ہیں۔

اگر طالب علم آخری امتحان میں فیل ہو تو FER کرنا پڑے گا۔ یعنی آخری امتحان دوبارہ دینا پڑے گا۔ اگر مجموعی نمبر 40 فیصد سے کم ہوں تو دوبارہ داخلہ لینا پڑے گا۔

## شرح فیس ODL Mode (ATTC)

| | |
|---|---|
| رجسٹریشن فیس | -/600 روپے |
| ایڈمیشن فیس | -/600 روپے |
| ٹیکنالوجی فیس | -/600 روپے |
| 9 کریڈٹ کورس فیس | -/4320 روپے |
| ڈگری فیس | -/800 روپے |
| ٹوٹل | -/6920 روپے |

نوٹ: آن لائن درخواست کی صورت میں 100 روپے پراسیسنگ فیس بھی چالان میں شامل ہوتی ہے۔

کورس رابطہ کار
ڈاکٹر محمد خرم شہزاد
Ph: 051-9573235
email: muhammad.khuram@aiou.edu.pk

# TELECOS کے ذریعے فیس جمع کرانے کا طریقہ کار

## ایزی پیسہ (Easy Paisa) کے ذریعے فیس کی ادائیگی

عزیز طلباء! پلے سٹور (Play Store) سے ایزی پیسہ موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کر کے اکاؤنٹ بنایا جا سکتا ہے۔ایزی پیسہ ایپ سے فیس جمع کروانے کے لئے طالب علم کے ایزی پیسہ موبائل اکاؤنٹ میں فیس کی رقم کے برابر بیلنس ہونا ضروری ہے۔ایزی پیسہ ایپ سے فیس جمع کرانے کے کوئی چارجز نہیں ہیں۔ایزی پیسہ ایپ کے ذریعے فیس ادا کرنے کا درج ذیل طریقہ کار ہے۔

-1 ایزی پیسہ ایپ میں Login ہوں۔

-2 View All پر کلک کریں۔

-3 Payment سیکشن میں جائیں اور Fee Collection کو سلیکٹ کریں۔

-4 AIOU سلیکٹ کریں۔

-5 اپنا چالان نمبر درج کریں۔

-6 ایزی پیسہ ایپ پر فیس کی رقم اور مقررہ تاریخ ظاہر ہوگی۔

-7 Pay Now پر کلک کریں۔فیس ادا ہو جائے گی اور طالب علم کو 3737 سے تصدیقی SMS بھی موصول ہو جائے گا۔

-8 طالب علم اپنے داخلہ فارم اور بینک چالان پر Transaction ID لکھے گا اور "Paid via Easypaisa" کے خانے پر ٹِک کرے گا۔طلبہ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ تصدیقی SMS کو اپنے موبائل میں احتیاط سے محفوظ رکھیں تا وقتیکہ انہیں شعبہ داخلہ کی طرف سے داخلہ کنفرم ہو جانے کا SMS موصول نہ ہو جائے۔

## یو پیسہ (U-Paisa) کے ذریعے فیس کی ادائیگی

### بذریعہ یو پیسہ ایپ

پلے سٹور (Play Store) سے U-Paisa موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کر کے اکاؤنٹ بنایا جا سکتا ہے۔U-Paisa ایپ سے فیس جمع کروانے کے لئے طالب علم کے U-Paisa موبائل اکاؤنٹ میں فیس کی رقم کے برابر بیلنس ہونا ضروری ہے۔U-Paisa ایپ سے فیس جمع کرانے کے کوئی چارجز نہیں ہیں۔U-Paisa ایپ کے ذریعے فیس ادا کرنے کا درج ذیل طریقہ کار ہے۔

-1 U-Paisa ایپ میں Login ہوں۔

-2 Payments پر کلک کریں۔

-3 AIOU پر کلک کریں۔

-4 اپنا چالان نمبر درج کریں۔

-5 U-Paisa ایپ پر فیس کی رقم ظاہر ہوگی۔

-6 Pay Now پر کلک کریں۔

-7 فیس ادا ہو جائے گی اور طالب علم کو تصدیقی SMS بھی موصول ہو جائے گا۔

-8 طالب علم اپنے داخلہ فارم اور بینک چالان پر Transaction ID اور "Paid via UPaisa" کے خانے پر ٹِک کرے گا۔طلبہ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ تصدیقی SMS کو اپنے موبائل میں احتیاط سے محفوظ رکھیں تا وقتیکہ انہیں شعبہ داخلہ کی طرف سے داخلہ کنفرم ہو جانے کا SMS موصول نہ ہو جائے۔

## Jazz Cash کے ذریعے فیس کی ادائیگی

### بذریعہ جاز کیش ایپ

پلے سٹور (Play Store) سے Jazz Cash موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کر کے اکاؤنٹ بنایا جاسکتا ہے۔ Jazz Cash App سے فیس جمع کروانے کے لئے طالب علم کے Jazz Cash موبائل اکاؤنٹ میں فیس کی رقم کے برابر بیلنس ہونا ضروری ہے۔ Jazz Cash ایپ سے فیس جمع کرانے کے کوئی چارجز نہیں ہیں۔ Jazz Cash ایپ کے ذریعے فیس ادا کرنے کا درج ذیل طریقہ کار ہے۔

-1 Jazz Cash اکاؤنٹ میں Login ہوں۔

-2 Education Fee پر کلک کریں۔

-3 Menu میں Universities کو سلیکٹ کریں۔

-4 Sub Menu سے AIOU سلیکٹ کریں۔

-5 اپنا چالان نمبر درج کریں۔

-6 Jazz Cash ایپ پر فیس کی رقم اور مقررہ تاریخ ظاہر ہوگی۔

-7 موبائل اکاؤنٹ کا PIN CODE درج کریں۔

-8 فیس ادا ہو جائے گی اور طالب علم کو تصدیقی SMS وصول ہو جائے گا۔

-9 طالب علم اپنے داخلہ فارم اور بینک چالان پر Transaction ID لکھے گا اور "Paid via Jazz Cash" کے خانے پر ٹِک کرے گا۔ طلبہ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ تصدیقی SMS کو اپنے موبائل میں احتیاط سے محفوظ رکھیں تا وقتیکہ انہیں شعبہ داخلہ کی طرف سے داخلہ کنفرم ہو جانے کا SMS موصول نہ ہو جائے۔

## فیس واپسی کے قواعد و ضوابط

(i) درخواست دہندہ/ امیدوار/ طالب علم جنہوں نے داخلوں کے لیے اپنی فیس جمع کرائی ہے لیکن وہ جاری نہیں رکھنا چاہتے ہیں وہ AIOU کی ویب سائٹ پر دستیاب تعلیمی کیلنڈر کے مطابق اپنی پڑھائی کی مدت شروع ہونے سے پہلے فیس کی واپسی کے لیے درخواست دیتے ہیں۔ ان کی کل فیس 10% کٹوتی کے بعد واپس کر دی جائے گی۔

(ii) درخواست دہندہ/ امیدوار جو اہل نہیں تھے لیکن داخلے کے لیے فیس جمع کراتے ہیں اور فیس جمع کرانے کی تاریخ سے ایک سال کے اندر واپسی کے لیے درخواست دیتے ہیں فیس کو کل فیس کے 15% کی کٹوتی کے بعد واپس کر دیا جائے گا۔

(iii) جس طالب علم نے اپنی فیس مقررہ فیس سے زیادہ جمع کرائی ہے وہ کل اضافی رقم واپس کر دی جائے گی یا جیسا بھی ہوا سے ایڈجسٹ کیا جائے گا۔

(iv) محکمہ خزانہ طلباء کی فیس کی تصدیق کرے گا اور کیس کو آڈٹ ڈیپارٹمنٹ کو پری آڈٹ کے لیے بھیجے گا۔

(v) امیدوار کو چیک سینٹرل پیمنٹ سیکشن (CPS)، خزانچی کا محکمہ جاری کرے گا۔

(vi) موت کی صورت میں تمام ضابطہ اخلاق کو پورا کرنے کے بعد، متوفی طالب علم کے خون کے رشتہ دار کے حق میں کراس چیک کے ذریعے پوری فیس واپس کر دی جائے گی۔ رقم کی واپسی کا کیس فیس جمع کرنے کے ایک سال کے اندر جمع کرانا ضروری ہے۔

(vii) ایسے طلباء جن کو یونیورسٹی کی طرف سے کم اندراج/ قابل عمل گروپ کی تشکیل نہ ہونے/ کورسز کی پیشکش نہ کرنے کی وجہ سے یونیورسٹی کی طرف سے پیش کردہ پروگرام میں داخلہ کی اجا

زت نہیں دی جاتی ہے تو انہیں پوری فیس واپس کردی جائے گی۔

(viii) اگر کسی درخواست دہندہ/ امیدوار کا داخلہ یونیورسٹی کے کنٹرول سے باہر کسی وجہ سے یا غیر متوقع مسائل کی وجہ سے پختہ نہیں ہوتا ہے، تو پوری ادا شدہ فیس، بغیر کسی کٹوتی کے متعلقہ درخواست دہندہ/ امیدوار کو واپس کردی جائے گی۔ رقم کی واپسی کا کیس فیس جمع کرنے کے ایک سال کے اندر جمع کرانا ضروری ہے۔

| |
|---|
| نوٹ: شق نمبر (i) کے تحت دی گئی تمام درخواستوں پر عمل درآمد متعلقہ سمسٹر کے داخلہ جات مکمل ہونے کے بعد کیا جاتا ہے اور اگر کسی طالب علم نے بروقت فیس واپسی کی درخواست جمع کرادی اور خودکار آن لائن سسٹم کے تحت داخلہ ہو جاتا ہے تو اس صورت میں بھی فیس واپسی والی درخواست کو ہی حتمی سمجھا جائے گا اور داخلہ منسوخ تصور کیا جائے گا۔ اور طالب علم پر لازم ہے کہ وہ فیس واپسی کی درخواست جمع کرانے کے بعد کسی بھی تعلیمی سرگرمی میں حصہ نہ لے۔ |

## اہم معلومات

1- علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے جاری کردہ سرٹیفکیٹ/ ڈگریاں دیگر منظور شدہ یونیورسٹیوں اور بورڈ کے مساوی ہیں۔

2- سرٹیفکیٹ کورسز میں داخلہ آن لائن اور بذریعہ پراسپیکٹس لیا جاسکتا ہے۔

3- سیکنڈری (SSC) میں انگریزی فیل یا بغیر انگریزی' اسلامیات لازمی اور مطالعہ پاکستان کے طلباء وطالبات کسی پروگرام میں داخلہ کے اہل نہ ہوں گے۔

4- ہائرسیکنڈری (HSSC) میں انگریزی فیل بغیر انگریزی اور اسلامیات لازمی کے طلبہ وطالبات کسی پروگرام میں داخلہ کے اہل نہ ہوں گے۔

5- دوران سمسٹر طالب علم کا پتہ تبدیل نہیں ہوگا۔

6- مقررہ مدت میں پروگرام مکمل کرنے کے لیے لازم ہے کہ طلباء وطالبات ہر سمسٹر (جنوری، جولائی) کی فیس یونیورسٹی کے نامزد بینکوں میں جمع کروائیں۔ جاری طلبہ (Continuing Students) یونیورسٹی website (http://online.aiou.edu.pk) پر online انرولمنٹ فارم پُر کر کے فیس مجوزہ بینک میں جمع کرا سکتے ہیں۔ جاری طالب علم پراسپیکٹس والا داخلہ فارم استعمال نہ کریں۔

7- داخلہ ہونے کی صورت میں ہر طالب علم کو Student ID دیا جاتا ہے۔ Student ID کورس کوڈ اور سمسٹر کا حوالہ یونیورسٹی کے ساتھ ہونے والی خط وکتابت میں دیا جانا ضروری ہے۔

8- داخلہ ہو جانے کے بعد تقریباً پندرہ سے بیس دن کے اندر ہر کورس کے لئے نامزد کئے گئے ٹیوٹر کی معلومات CMS پورٹل میں فراہم کردی جائیں گی۔ اگر آپ کو ٹیوٹر کے بارے میں کوئی

اطلاع نہیں ملتی تو آپ فوری طور پر متعلقہ علاقائی دفتر سے رابطہ کریں یا آپ اپنی امتحانی مشقیں بلا تاخیر بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک متعلقہ ریجنل ڈائریکٹر کو بھجوا دیں۔

9- یونیورسٹی کے قواعد وضوابط میں وقتاً فوقتاً تبدیلیاں آسکتی ہیں اور طلبہ پر ان کی پابندی لازم ہے۔

10- یونیورسٹی اپنی پالیسی کے مطابق پراسپیکٹس میں دیئے گئے مندرجات کو کسی پیشگی اطلاع کے بغیر تبدیل کرنے کا استحقاق رکھتی ہے۔

11- اگر کوئی طالب علم ایک سمسٹر میں بیک وقت دو پروگراموں میں داخلہ لیتا ہے تو دونوں پروگراموں میں داخلہ منسوخ کیا جائے گا اور فیس بھی ضبط کی جائے گی۔

12- داخلہ فارم پر کسی لفظ کو کاٹ کر مشکوک نہ بنائیں ورنہ داخلہ فارم قابل قبول نہ ہوگا۔

13- انگریزی میں نام/ پتہ درج کرتے وقت بڑے حروف (Capital Letter) استعمال کریں

14- ہر طالب علم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ داخلہ کے آغاز سے لے کر سرٹیفکیٹ ڈگری کے اجراء تک کسی بدعنوانی کے ارتکاب یا شرائط داخلہ کے سہواً یا عمداً نظرانداز کرنے/ ہونے کی صورت میں متعلقہ طالب علم کا داخلہ منسوخ اور فیس ضبط کی جائے گی نیز کسی قسم کے سرٹیفکیٹ یا ڈگری کا اجراء نہیں کیا جائے گا۔

15- میٹرک کے سرٹیفکیٹ میں دیئے گئے نام اور ولدیت کو ہی درست تسلیم کیا جائے گا۔

16- داخلہ ہونے کے بعد اگر طالب علم محسوس کرے کہ نام ولدیت یا پتہ میں کوئی غلطی ہے یا کورس جو داخلہ فارم پر لکھا گیا تھا اس کے مطابق نہیں ہے تو فوری تصحیح کے لیے ڈائریکٹر شعبہ داخلہ کو مطلع کریں۔ مطلع نہ کرنے کی صورت میں یونیورسٹی ذمہ دار نہ ہوگی۔

17- شعبہ اسٹوڈنٹ افیئرز، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسٹوڈنٹ سپورٹ فنڈ کے ذریعے محدود مالی وسائل کے حامل طلباء و طالبات کو تعلیمی سہولتیں فراہم کر رہا ہے۔ اس سلسلے میں علاقائی دفاتر کے ذریعے طلبہ کی ایک بڑی تعداد کو مالی معاونت کی سہولت دی جا رہی ہے۔ مستحق طلبہ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اس سکیم سے فائدہ اٹھانے کے لیے اپنے متعلقہ علاقائی دفاتر سے مجوزہ فارم حاصل کر کے مقررہ تاریخ کے اندر جمع کروائیں۔ مزید معلومات کے لیے اپنے علاقائی دفاتر سے رابطہ کریں۔

18- کسی بھی طالب علم کی ڈگری/ ڈپلومہ/ سرٹیفکیٹ اجراء کے بعد مندرجہ ذیل وجوہات کی بنا پر منسوخ کر دیا جائے گا:

i- اگر کسی بھی مرحلے پر نتیجہ کی تالیف یا اعلان میں کوئی غلطی پائی گئی۔

ii- اگر کوئی بھی امیدوار کسی بھی موقع پر ڈگری/ رزلٹ کی تصدیق کے وقت نااہل قرار پایا گیا۔

iii- جعلی دستاویزات جمع کرائے ہوں یا کسی بھی سرٹیفکیٹ/ سند/ ڈگری میں جعل سازی کی گئی ہو۔

## معذورافراد کے لیے معذوری رابطہ رکار کا تقرر

( Disability Coordinator s)

ہائرایجوکیشن کمیشن کی پالیسی پر عمل کرتے ہوئے یونیورسٹی نے مندرجہ ذیل آفیسرز کو معذورافراد کے لیے معذوری رابطہ کار (Disability Coordinators) کا تقرر کیا ہے۔

| نمبر شمار | نام آفیسر بمعہ عہدہ | رابطہ نمبر |
|---|---|---|
| i | میڈیکل آفیسر | 051-9571110 |
| ii | عمیر ندیم اسسٹنٹ ڈائریکٹر پریس اینڈ میڈیا | 051-9571372 |

### ہیلپ لائن

(051) 111-112-468

آن لائن معلومات حاصل کرنے کے لئے یونیورسٹی کی

ویب سائٹ www.aiou.edu.pk

## ہدایات برائے درستگی نام طالب علم/ والد/ تاریخ پیدائش

☆ درخواست بذریعہ CMS Student Service Request یا فارم ہذا کے ذریعے جمع کروائی جاسکتی ہے۔ دونوں صورتوں میں طالب علم کی درخواست کی منظوری ڈائریکٹر شعبہ داخلہ سے لی جائے گی اور ان کا فیصلہ حتمی ہوگا۔ منظوری کے بعد متعلقہ اہلکار چالان فارم Generate کرے گا اور طالب علم کو مطلع کرے گا اس کے بعد طالب علم فیس جمع کروا کر ترمیم حاصل کر سکے گا۔

☆ منظوری سے قبل ہرگز فیس جمع نہ کروائیں جمع کروائی گئی فیس واپس نہ ہوگی۔

☆ گورنمنٹ کے نوٹیفیکیشن اور یونیورسٹی قوانین کے مطابق سرکاری و نیم سرکاری اداروں کے ملازمین کی تاریخ پیدائش جو کہ ملازمت ریکارڈ میں درج ہے تبدیل نہیں ہوگی۔

☆ اگر کسی طالب علم کو ایک سے زائد پروگرامز میں تصحیح درکار ہے تو طالب پہلے رجسٹرڈ پروگرام کے مطابق صرف ایک بار فیس جمع کروائے گا اور اگلے پروگرامز میں تصحیح کی فیس وصول نہیں کی جائے گی۔

☆ اگر کوئی طالب علم اپنے نام اور ولدیت کی درستگی/تبدیلی ایک ہی درخواست میں کروانا چاہتا ہے تو وہ یونیورسٹی سے جاری کردہ چالان کے مطابق صرف ایک ہی فیس جمع کروائے گا۔

☆ فیس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| | | Amount (Rs) | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| S. No | Time Frame | Correction in Name Spelling | Change in Name | Correction in Father's Name | Correction in Date of Birth |
| 1. | Within 2 years of Passing Program | Rs.1500/- | Rs.3000/- | Rs.3000/- | Rs.4000/- |
| 2. | After 2 to 5 years | Rs.3500/- | Rs4500/- | Rs4500/- | Rs5500/- |
| 3. | After 5 to 10 years | Rs5000/- | Rs6000/- | Rs5000/- | Rs7500/- |
| 4. | After 10 years | Rs10000/- | Rs12000/- | Rs12000/- | Rs14000/- |

# ALLAMA IQBAL OPEN UNIVERSITY, REGIONAL NETWORK

**FEDERAL AREA ISLAMABAD**
Adl. RD, Regional Campus, AIOU,
Block-27, (Service Block) Sector H-8,
**ISLAMABAD.** Ph: (051)9572555
Email: rd_islamabad@aiou.edu.pk

**PUNJAB**
ARD, Regional Centre, AIOU, Street No.5,
Major Tahir Sadiq Road, Dar-ul-Salam
Colony, **ATTOCK**
Ph: (057) 9316418
**E-mail: rd_attock@aiou.edu.pk**

DRD, Regional Campus, AIOU,
Chak No. 12-A/BC, Near Airport Hasilpur
Bypass Road, **BAHAWALPUR**.
Ph: 0300-8383813
**E.mail: rd_bahawalpur@aiou.edu.pk**

ARD, Regional Centre, AIOU,
Opposite Allied Park, Near Food Godam
Railway, Bypass Road, **CHAKWAL**
Ph: (0543)553577
**E. mail: rd_chakwal@aiou.edu.pk**

RD, Regional Campus, AIOU,
Railway Road, Near Veterinary Hospital,
**DERA GHAZI KHAN.** Ph:(064) 9260387
**Email: rd_dgkhan@aiou.edu.pk**

RD, Regional Campus, AIOU,
F-Block, Near STN Tower, Millat Town,
**FAISALABAD** Ph: (041)9330790
**Email: rd_faisalabad@aiou.edu.pk**

ARD, Regional Campus, AIOU, 10-X Block,
Peoples Colony, **GUJRANWALA.**
Ph: (055)9230253
**Email: rd_gujranwala@aiou.edu.pk**

ARD, Regional Campus, AIOU,
Toba Road, Opposite Officers Colony,
**JHANG.** Ph: (0477)631166
**Email: rd_jhang@aiou.edu.pk**

Superintendent/Incharge RC, AIOU, Ghaffar
Chowk (Bhatta Corianwal), Main Road,
**KASUR CITY.** Ph: 049-2723723
**Email: rd_kasur@aiou.edu.pk**

DRD, Regional Centre, AIOU, Near Under
Pass, **MIANWALI.** Ph:(0459) 920026
**Email: rd_mianwali@aiou.edu.pk**

RD, Regional Campus, AIOU, CF-7, Shah
Rukn-e-Alam Colony, Near Thana Stop,
**MULTAN**. Ph:(061) 6772499
**Email: rd_multan@aiou.edu.pk**

ARD, Regional Centre, AIOU,
Main Ransiwal Phattak (Chowk),
Near Standard College, Lahore Road,
Ph: (0542)413122, 413232, **NAROWAL.**
**Email: rd_narowal@aiou.edu.pk**

DRD, Regional Campus, AIOU, Hidayat
Campus, Near Sheikh Zaid Airport.
**RAHIM YAR KHAN** Ph: (0321)9259429
(0331)6783360 **Email: rd_rykhan@aiou.edu.pk**

Adl. RD, Regional Campus, AIOU,
Block No. 26, (Service Block),
Sector H-8, Islamabad, Ph: (051)9334265
**Email: rd_rawalpindi@aiou.edu.pk**

ARD, Regional Centre, AIOU, House
No.268, St. 3 Saeed Mokal Colony near Imtiaz
Hospital, **SAHIWAL.** Ph: (0409)330457
**Email: rd_sahiwal@aiou.edu.pk**

Adl. RD, Regional Centre, AIOU, H. 145,
Muradabad Colony, Near Daewoo
Terminal, University Road, **SARGODHA CANTT**. Ph: (0483)211217
**Email: rd_sargodha@aiou.edu.pk**

DRD, Regional Centre, AIOU, Mohallah
Mumtaz Pura, Haji Pura, Daska Road,
**SIALKOT**. Ph:052-3241400
**Email: rd_sialkot@aiou.edu.pk**

DRD, Regional Centre, AIOU, House No.
166, Faisal Town, Opposite Govt. Boys
Post Graduate College, **VEHARI**.
Ph: (067)3360637
**Email: rd_vehari@aiou.edu.pk**

ARD, Regional Centre, AIOU, Opposite
office of Punjab Food Authority, Near
Railway Phattak, Main Chishtian Road,
**BAHAWALNAGAR.** Ph: 063-9330012
**Email: rd_bahawalnagar@aiou.edu.pk**

ARD, Regional Centre, AIOU,
Street # 3, Jamil Town, Near Masjid
Qibla Lahore Road, **SHEIKHUPURA.**
Ph: (056)3543041
**Email: rd_sheikhupura@aiou.edu.pk**

AD(IT), Regional Centre, AIOU, Main Street
Opp. Jamia Masjid Al-Noor, Jadda Stop,
Main GT Road, **JHELUM.** Ph: (0544)273378
**Email: rd_jhelum@aiou.edu.pk**

RD, Regional Campus, AIOU, 346 -Raza
Block, Allama Iqbal Town, **LAHORE**
Ph: (042)99333580
**Email: rd_lahore@aiou.edu.pk**

Superintendent/Incharge, Model Study Center,
AIOU, Near Sat Sira Chowk Marala Road,
**MANDI BAHAUDDIN.** Ph: (0546)571171
**Email: msc_mbdin@aiou.edu.pk**

**SINDH**
DRD, Regional Centre, AIOU, Bungalow
No.46, B1-8, Unit No.02, Railway
Employee Housing Society, Autobahn
Road Latifabad, Near Lal Qila Restaurant,
**HYDERABAD.** Ph: (022)9330053
**Email: rd_hyderabad@aiou.edu.pk**

ARD, Regional Campus, AIOU, St-6, D-1,
Block No.14, Federal 'B' Area, **KARACHI**.
Ph: (021) 99246099
**Email: rd_karachi@aiou.edu.pk**

Assistant Treasurer, AIOU, Regional Centre,
Banglow No.43, Al-Noor Housing Society
Near OPF Colony, Naudero, Road,
**LARKANA**. Ph: (074)4752263
**Email: rd_larkana@aiou.edu.pk**

ARD, Regional Campus, AIOU, Near
Session Court Mai Bhaghi Chowk, **MITHI**,
Ph (0232)920089
**Email: rd_mithi@aiou.edu.pk**

ARD Regional Centre, AIOU, Banglow/H.
No. 74, Main Ghulamullah Raod Near City
School Makli Society, **THATTA**
Ph: (0298)920201
**Email: rd_thatta@aiou.edu.pk**

Adl, RD, Regional Campus, AIOU,
Main National Highway, Rohri,
Opposite Begum Nusrat Bhutto Women
University, Arore, Taluka, Rohri, **SUKKUR**
**Email: rd_sukkur@aiou.edu.pk**

ARD, Noor Model Study Centre,
AIOU, Old Girls College Hostel, Opp: DCO
Office, **UMER KOT.** (0238) 920016
**Email: msc_uk@aiou.edu.pk**

ARD, Model Study Centre, AIOU,
Plot # R-240, Block C, Bagh E Malir,
District **MALIR**, Karachi
Ph: 021-99333846
**Email: msc_malir@aiou.edu.pk**

Adl. RD, Regional Centre, AIOU, A Little
Ahead of Dars Bus Stop Near Feroze
Jamali Sahib's Bungalow on National
Highway N.5, **Moro**. Ph: (0321)3139843
**Email: rd_moro@aiou.edu.pk**

Superintendent/Incharge, AIOU Model Study
Centre, District Complex, Goli Maar Road,
**Kandhkot,** District Kashmore
Phone: 0722-921614
**Email: msc_kandhkot@aiou.edu.pk**

**KHYBER PAKHTUNKHWA**
ARD, Regional Campus, AIOU,
Murree Road, Adjacent B.I.S.E,
**ABBOTTABAD** Ph:(0992)390927
**Email: rd_abbottabad@aiou.edu.pk**

ARD, Regional Centre, AIOU, Near BISE
Peshawar Camp Office, Governor Cottage
Road Goldoor, Chitral Town, District
Lower, **CHITRAL**. Ph:(0943) 413811
**Email: rd_chitral@aiou.edu.pk**

ARD, Regional Campus, AIOU, Neli Kothi,
Behind District Auditorium, District Courts,
**DERA ISMAIL KHAN** Ph:(0966) 920168-920167. **Email:rd_dikhan@aiou.edu.pk**

DRD, Regional Campus, AIOU, Plot
No.14, Sector A-3, Phase V, Hayatabad
**PESHAWAR** Ph:(091)9217603
**Email: rd_peshawar@aiou.edu.pk**

DRD, Regional Centre, AIOU,
House No. 39, Sector I-EW/3, Ghulam
Nabi Road, Sheikh Maltoon Town,
**Mardan.** P:(0937)840130
**Email: rd_mardan@aiou.edu.pk**

ARD, Regional Centre, AIOU, House
No.43, Sector A/2, Phase No. II, KDA,
**KOHAT**. Ph: (092)2513881
**Email: rd_kohat@aiou.edu.pk**

DRD, Regional Centre, AIOU, College
Colony, Opposite Shahuda Park, **SAIDU SHARIF (SWAT)** Ph:(0946)9240205
**Email: rd_swat@aiou.edu.pk**

ARD, Regional Centre, AIOU, Bunglow No.
2, Village Andheri, Link Road, Balambat,
**TIMERGARA.** Ph: (0945)821791
**Email: rd_timergara@aiou.edu.pk**

**BALOCHISTAN**
DRD, Regional Centre, AIOU, Bus Stand
Road, Near Ghazali Public School, Gola
Chowk, **DERA MURAD JAMALI**
Ph: 0838-710375
**Email: rd_dmjamali@aiou.edu.pk**

ARD, Regional Centre, AIOU, Near B & R
Rest House, **KALAT**. Ph: 0844-210569
**Email: rd_kalat@aiou.edu.pk**

Adl. RD Regional Campus, AIOU, Eastern
Bypass Takhtani Road, **QUETTA**
Phone: 081-2674429
**Email: rd_quetta@aiou.edu.pk**

DRD, Regional Campus, AIOU,
Pishkan Road, Near Bahria College,
**GAWADAR.**
**Email: rd_turbat@aiou.edu.pk**

ARD, Regional Center, AIOU, House No.
34, St No. 26, Muhala Khudaidad
Imambara Road Circular No. 01, **Zhob**
Ph: 0822-413018
**Email: rd_zhob@aiou.edu.pk**

Superintendent/Incharge, Regional
Center, AIOU, Government Boys High
School, Killi Khudai, Rahim,
**DALBANDIN.**
**Email: msc.dalbandin@aiou.edu.pk**

**GILGIT BALTISTAN**
Addl RD, Regional Centre, AIOU,
Shahra-i-Quaid-i-Azam, Near Army Public
School & College, Khumer Cantt.
**GILGIT.** Ph: (058)11960603
**Email: rd_gilgit@aiou.edu.pk**

ARD, Regional Campus, AIOU, Near
Elementary College Sundus, **SKARDU,**
Ph:(05815) 960915
**Email rd_skardu@aiou.edu.pk**

Superintendent/Incharge, Model
Study Centre, AIOU, Link Road, Opposite
PSO Petrol Pump, Mohallah Cina Khan,
Tehsil Ali Abad, District Hunza, **NAGAR.**
**Email: msc _nagar@aiou.edu.pk**

**AZAD JAMMU KASHMIR**
DRD, Regional Campus, AIOU, House
No.1-A, Sector, F-1, Kotli Road, **MIRPUR (A K)** Ph:0582-7960029
**Email: rd _mirpur@aiou.edu.pk**

Adl. RD, Regional Campus, AIOU,
Zero Point, Jalalabad,
**MUZAFFARABAD (AJK)**
Ph: (058)22960540
**Email: rd_muzaffarabad@aiou.edu.pk**

ARD, Regional Centre, AIOU,
D-156, Housing Scheme Rawalakot
Bank Road, RAWALAKOT(AJK)
Ph: (05824)960241
**Email: rd_rawalakot@aiou.edu.pk**